اَلدَّرْسُ السَّادِسُ - 6

پچھلے سبق میں ہم پڑھ چکے ہیں

- بعض الفاظ کے شروع میں لام تعریف "ال" کا لام "ل" نہیں پڑھا جاتا۔ جیسے: اَلشَّمْسُ

- جبکہ بعض الفاظ کے شروع میں لامِ تعریف "ال" کا لام "ل" پڑھا جاتا ہے۔

جیسے: اَلْقَمَرُ

(الف) اس سبق ہم درج ذیل الفاظ اور ان سے متعلق قواعد (TERMS) سیکھتے ہیں۔

1۔ اَلتِّیْنُ انجیر اَلتَّوْرٰۃُ الہامی کتاب ت

DARULIMAAN INSTITUTE

2۔ اَلثَّالِثُ	تیسرا	اَلثَّاقِبُ	تیز روشن	ث
3۔ اَلدِّیْنُ	طریقہ، قیامت	اَلدُّنْیَا	دنیا	د
4۔ اَلذَّکَرُ	مرد، نر	اَلذَّنْبُ	گناہ	ذ
5۔ اَلرَّجُلُ	بہادر مرد	اَلرَّحِیْمُ	بہت رحم کرنے والا	ر
6۔ اَلزَّیْتُوْنُ	پھل کا نام	اَلزَّکٰوۃُ	زکوۃ	ز
7۔ اَلسَّمَآءُ	آسمان	اَلسُّوْرَۃُ	سورۃ	س
8۔ اَلشِّعْرُ	شاعری	اَلشَّفْعُ	جفت	ش
9۔ اَلصَّخْرُ	چٹان	اَلصَّلٰوۃُ	نماز	ص

DARUL IMAAN INSTITUTE

DAR UL IMAAN

10۔ اَلضَّلٰلَۃُ گمراہی اَلضَّاْنُ بھیڑ، دنبہ ض

11۔ اَلطَّاْرِقُ ستارہ، رات کو آنے والا اَلطَّیِّبُ پاک ط

12۔ اَلظَّاْھِرُ نمایاں اَلظَّالِمُ ظالم ظ

13 ۔ اَللَّطِیْفُ مہربان اَللَّیْلُ رات ل

14۔ اَلنُّوْرُ روشنی اَلنَّاسُ انسان ن

DARULIMAAN INSTITUTE

کیا آپ نے غور کیا؟

1۔ ان تمام الفاظ میں لام تعریف "ال" کا لام "ل" نہیں پڑھا گیا بلکہ لام "ل" کو بعد والے حرف میں مدغم کر دیا گیا۔

مدغم: مادہ د، غ، م - ایک شے کو دوسری شے میں داخل کرنا

یہاں ایک حرف دوسرے میں داخل کردیا گیا۔

جیسے۔شَمْسٌ سے پہلے "ال" لگنے سے اَلشَّمْسُ ہو گیا۔

آ لْ + شَمْسُ = اَشْ + شَمْسُ = اَلشَّمْسُ

یادرہے !

حروف شمسی (14 حروف) کے مخارج ال کے "لام" کے بہت قریب ہیں۔ قریب المخرج ہونے کیوجہ سے انکی ادائیگی سے زبان پر بوجھ پڑتا ہے۔ اس لئے اسے ادا نہیں کیا جاتا۔ عربی زبان کی خوبصورتی، تلفظ میں آسانی اور روانی پیدا کرنے کے لئے "ال" کے لام کو بعد میں آنے والے حروف شمسی میں مدغم کردیا جاتا ہے۔

2۔لام تعریف "ال" کے لام کے بعد والے حرف پر لازمًا تشدید ّ ہوتی ہے۔ تشدید ّ کسی لفظ میں، کسی حرف کی آواز کو دو مرتبہ ادا کرنے کا نام ہے جس میں پہلا حرف ساکن ْ اور دوسرا مُتَحَرَّک (ہلنا، حرکت کرنا) ہوتا ہے۔

DARULIMAAN INSTITUTE

3۔ عربی میں کل 28 حروف ہیں جن میں سے 14 حروف میں یہ لام "ل" ادا نہیں کیا جاتا۔ ایسے حروف کو "حروفِ شمسی" (Solar Letters) کہتے ہیں۔

(ب)

1۔ اَلْاَرْضُ	زمین	اَلْاُوْلٰی	پہلی	ا
2۔ اَلْبَلَدُ	شہر	اَلْبَابُ	دروازہ	ب
3۔ اَلْجِبَالُ	پہاڑ	اَلْجَمِیْلُ	خوبصورت	ج
4۔ اَلْحَبَّةُ	دانہ	اَلْحَبْلُ	رسّی	ح
5۔ اَلْخَیْلُ	گھوڑا	اَلْخَزَنَةُ	دروغہ	خ
6 ۔ اَلْعَبْدُ	غلام	اَلْعَظْمُ	ھڈی	ع

DARULIMAAN INSTITUTE

7۔ اَلْغَمَامُ باد ل اَلْغَنَمُ بکری غ

8۔ اَلْفُلْکُ کشتی اَلْفِيْلُ ھاتھی ف

9۔ اَلْقَلْبُ دل اَلْقُرْاٰنُ قرآن مجید ق

10۔ اَلْکَاءِسُ پیالہ اَلْکِتَابُ کتاب ک

11۔ اَلْمَدِيْنَةُ شہر اَلْمَعْزُ بکری م

12۔ اَلْوَدْقُ بارش اَلْوَجْهُ چہرہ و

13۔ اَلْهَمْزَةُ حرف ہمزہ اَلْهَدِيَّةُ تحفہ ھ

14۔ اَلْيَمِيْنُ قسم اَلْيَتِيْمُ یتیم ی

<u>کیا آپ نے غور کیا؟</u>

DARULIMAAN INSTITUTE

1۔ان تمام الفاظ میں لام تعریف "ال" کا "ل" پڑھا گیا۔

۔"ال" کے لام کی اصلی آواز ظاھر کی گئ "اَلُ"

۔"ال" کے "ل" پر سکون ْ لکھا جاتا ہے ۔

جیسے: اَلْقَمَرُ ,اَلْ + قَمَرُ = اَلْقَمَرُ

ایسے حروف کو "حروفِ قمری" (Lunar Letters) کہتے ہیں۔

ان کی تعداد بھی 14 ہے۔

تلفظ کے لحاظ سے لام تعریف "ال" کے "ل" کو ادا کرنے کے دو طریقے ہیں۔

ا۔لام "ل" کی آواز کو ادا نہ کرنا

٢۔لام "ل" کی آواز کو ادا کرنا۔

DARULIMAAN INSTITUTE

یاد رہے ال کا "ل" حروف شمسیہ میں اس طرح غائب ہو جاتا ہے جیسے ستارے سورج کی روشنی میں۔

گویا کہ "ل" ستارہ اور حروف شمسیہ سورج کی طرح ہیں۔

اسی طرح ال کا "ل" ستارہ اور حروف قمریہ چاند کی طرح ہیں۔ جس طرح چاند کی روشنی میں ستارہ ظاھر ہوتا ہے اسی طرح حروف قمریہ میں ال کا "ل" ظاھر ہوتا ہے۔

درج ذیل جملے کو یاد رکھنے سے حروفِ قمریہ کو حروفِ شمسیہ سے الگ کرنا آسان ہو جاتا ہے۔

"حق کا خوف عجب غم ہے"۔

"اَبْغِ حَجَّکَ وَخَفْ عَقِیْمَہْ"

"اپنا حج تلاش کر اور (حج کے) بانجھ (بے نتیجہ) ہونے سے ڈر"

DARULIMAAN INSTITUTE

اس جملے میں آنے والے تمام حروف قمری ہیں۔

تمام حروف تہجی کو لکھ کر حروف قمری پر دائرہ ◯ بنائیں۔ یہ سب حروف قمری ہیں۔

ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف

ق ک ل م ن و ہ ی

باقی تمام حروف شمسی ہیں۔

حروف المد کی پہچان کا طریقہ۔

إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ لَوۡ أَنَّ لَهُم مَّا فِى ٱلۡأَرۡضِ جَمِيعًا وَمِثۡلَهُۥ
مَعَهُۥ لِيَفۡتَدُواْ بِهِۦ مِنۡ عَذَابِ يَوۡمِ ٱلۡقِيَـٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنۡهُمۡۖ وَلَهُمۡ
عَذَابٌ أَلِيمٌ۔ سُورۃُ المائدۃ آیت 36

حروف المد

DAR UL IMAAN INSTITUTE

تین۔ــــ َا، ـــ ُو، ـــِی

اَلف مدیہ صغیرہ / فتح اشباعی / کھڑا زبر ٰــــ

یائے مدیہ صغیرہ (ے) / کسرہ اشباعی / کھڑی زیر ٖ ــــ

واؤ مدیہ صغیرہ (ؤ) / ضمہ اشباعی / اُلٹی پیش ٗ ــــ

نوٹ:

الف صغیرہ اگر کلمہ کے آخر میں بغیر نقطوں والی یاء پر آئے تو اسے

الف مقصورہ کہتے ہیں۔

جیسے فَهَدَىٰ ، حَتّٰى

الف صغیرہ اگر واو پر آئے تو اسے واو نہیں بلکہ الف پڑھا جائے گا۔

جیسے الصَّلٰوۃ ، الزَّکٰوۃ

DARULIMAAN INSTITUTE

DARULIMAAN INSTITUTE